کرنے کے بعد لوگ مسلم ہونے سے زیادہ اہمیت کچھ اور ہونے کو دیتے ہیں۔ ان سارے مفاسد کا ٹھیک ٹھیک تصور آدمی کر سکتا ہے جنہوں نے اختلاف کو امت کے لیے موجب رحمت و برکت ہونے کے بجائے موجب مصیبت و ہلاکت بنا دیا۔ دوسرے لفظوں میں یہ کتاب اختلافی مسائل کے بارے میں گم شدہ راہ عدل کا پتا دے دیتی ہے۔

مترجم صاحب علم آدمی ہیں اور ان کا قلم استدلال اور جذبات دونوں جوہروں سے مالا مال ہے۔

صلوٰۃ الرسول | از جناب مولانا محمد صادق صاحب سیالکوٹی۔ ناشر: دائرۃ التبلیغ پورہ ہیراں۔ سیالکوٹ قیمت نامعلوم۔

مسلمان کی عبادات اور اس کے معاملات کے تابع اسلام ہونے کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اسوۂ نبوی سے پوری طرح اکتساب فیض کرے۔ نماز جو اتم العبادات ہے اس کے بارے میں تو خصوصیت کے ساتھ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ (بخاری)، نماز اس طریق پر پڑھو جیسے مجھے پڑھتے دیکھتے ہو۔ دوسرے لفظوں میں لازم یہ ہے کہ وضو، طہارت، ترتیب ارکان، اوقات، جماعت خشوع و خضوع کے تقاضوں میں سے ہر امر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پورا پورا عکس اپنے اندر پیدا کیا جائے۔ اس معاملے میں یہ حقیقت افسوسناک ہے کہ نمازی تھوڑے بہت ملتے بھی ہیں تو اسلام کی اس بنیادی عبادت کے بارے میں نبی صلعم کا نمونہ و اسوہ جاننے والے شاذ ہی کہیں پائے جاتے ہیں۔ یہ کتاب اسی مقصد سے لکھی گئی ہے کہ رسول اللہ صلعم کا طریق نماز ہر پہلو سے اردو داں عوام کے سامنے واضح ہو سکے۔ یہ کتاب درحقیقت ایک عام ضرورت کو پورا کرتی ہے۔

یہ واضح رہے کہ کتاب اہل حدیث کے زاویۂ نظر سے لکھی گئی ہے، یہی وجہ ہے کہ فاتحہ خلف الامام اور آمین بالجہر وغیرہ مسائل پر خصوصی زور دیا گیا ہے۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ ان معاملات میں مختلف مسلکوں کو بیان کر دیا جاتا اور مؤلف آخر میں اپنا ذاتی رجحان واضح کر دیتے کہ کس مسلک کی طرف ہے۔

ملفوظات حضرت مولانا محمد الیاسؒ | مرتبہ مولانا محمد منظور صاحب نعمانی مدیر الفرقان لکھنؤ۔ ملنے کا پتہ: کتب خانہ الفرقان گوئن روڈ لکھنؤ۔ قیمت بلا جلد عمر